سوال

دوران عدت عورت کےلیے زعفران والی چائے اور قہوہ پینے کا حکم کیا ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

جس عورت کا خاوند فوت ہوجائے اسے دوران عدت زیبائش و خوبصورتی اختیار کرنے اور خوشبو لگانے سے اجتناب کرنا چاہیے، اور زعفران خوشبو کی ایک قسم ہے، اس لیے اگر قہوہ اور چائے میں ڈالنے سے اس کی خوشبو ختم ہوجاتی ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر اس کی خوشبو باقی رہتی ہے تو عورت کو دوران عدت اس سے اجتناب کرنا چاہیے

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا :

"اگر اس کی یعنی زعفران کی خوشبو باقی ہو تو عورت کےلیے پینا جائز نہیں، کیونکہ اس کی خوشبو اس کے منہ سے آئیگی، لیکن اگر زعفران پکانے سے خوشبو ختم ہوجائے تو اس میں کوئی حرج نہیں" انتہی

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کا جواب دیکھنے کےلیے آپ درج ذیل لنک پر کلک کریں :

http://www.ibnothaimeen.com/all/noor/article_8804.shtml

واللہ اعلم.

الاسلام سوال و جواب

112045